کو اور رات کی دن کو ادا کی جا سکتی ہیں؟ جس شخص کو جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے مواقع میسر ہیں، اگر وہ تنہا نماز پڑھے تو اس کی نماز قبول ہو گی؟ اگر ہو گی تو وہ ترکِ جماعت کی صورت میں گناہ گار ہو گا؟ نماز کے لیے مسجد میں جانا شرط ہے یا گھر میں بھی نماز ہو سکتی ہے؟ جو لوگ جلدی جلدی نماز پڑھتے ہیں اور رکوع و سجود پورا نہیں کرتے، ان کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح نماز ادا فرماتے تھے۔ اور اس باب میں آپ کا کیا معمول تھا؟۔ تخفیف صلوٰۃ سے کیا مراد ہے؟

یہ سب چیزیں نہایت وضاحت سے بیان کی گئی ہیں اور ان تمام سوالوں کے تفصیل سے جواب دیے گئے ہیں۔ اس موضوع کے کسی گوشے کو تشنہ نہیں رہنے دیا گیا۔ اہلِ علم کو اس سے مستفید ہونا چاہیے۔

العجالۃ النافعہ

از:۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی

ناشر:۔ مکتبہ سعیدیہ۔ خانیوال ضلع ملتان

صفحات ۱۲۸۔ قیمت درج نہیں ہے۔

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ، امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند گرامی قدر ہیں۔ تفسیر، حدیث، فقہ اور دیگر علوم میں وہ مہارتِ تامہ رکھتے تھے۔ متعدد علمی و تحقیقی کتابوں کے مصنف تھے۔ "العجالۃ النافعہ" ان کی تصنیفات میں خاص اہمیت رکھتی ہے۔ یہ کتاب عربی زبان میں ہے اور قواعد علمِ حدیث، احوال رواۃ اور طبقاتِ کتبِ حدیث کے بارے میں بہترین معلومات کو محیط ہے۔ نیز اس میں بعض ایسے رواۃ و انساب کو ضبط کیا گیا ہے جن کے صحیح تلفظ میں بڑے بڑے اہلِ علم ٹھوکر کھا جاتے ہیں۔ پھر انواع کتبِ حدیث یعنی جامع، مسند، معجم وغیرہ کی وضاحت کی گئی ہے، اقسامِ حدیث و اصطلاحاتِ حدیث کو واضح کیا گیا ہے۔ نیز اسنادِ کتبِ حدیث کے متعلق تفصیلات دی گئی ہیں۔ اس موضوع سے متعلق یہ کتاب نہایت شاندار ہے۔

مکتبہ سعیدیہ کی طرف سے مولانا علی محمد سعیدی کے اہتمام میں بہت سی کتابیں آب و تاب
ساتھ شائع ہوئی ہیں، یہی معیار " العجالۃ النافعہ " میں بھی قائم رکھا گیا ہے۔ آغاز
اب میں سب سے پہلے مولانا حافظ عبدالستار کے قلم سے شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے
لات و سوانح درج ہیں۔ اس کے بعد " کلمۃ الناشر " کے عنوان سے مولانا علی محمد
یدی نے ان کتابوں کا ذکر کیا ہے جو متونِ حدیث اور سندِ حدیث کے موضوع پر اکابر امت
رقم فرمائی ہیں۔ پھر حضرت مولانا عطاء اللہ صاحب (مکتبہ سلفیہ، لاہور) کا ایک معلومات
ز امقدمہ ہے۔ جس میں فنِ حدیث اور اس کی بنیادی اصطلاحات ضروری تفصیل سے
بسط تحریر میں لائی گئی ہیں۔

پیشِ نظر کتاب میں ایک نہایت اہم علمی خدمت یہ انجام دی گئی ہے کہ مولانا حافظ
بدالرشید سلفی نے " التعلیقات الساطعہ " کے نام سے اس پر حواشی و تعلیقات سپردِ
لم کیے ہیں۔ یعنی متنِ کتاب میں حضرت شاہ صاحب نے جن حضراتِ محدثین یا بعض
مطلاحات کا ذکر کیا ہے۔ حافظ صاحب نے حاشیہ میں مع حوالہ کتب کے ان کی مناسب
الفاظ میں وضاحت کر دی ہے۔ اس سے کتاب کی اہمیت اور اس کی علمی قدر و منزلت
بہت بڑھ گئی ہے۔

العجالۃ النافعہ، حلقہ اہلِ علم کی ایک مقبول کتاب ہے جو اب نایاب صورت
اختیار کر گئی تھی۔ مکتبہ سعیدیہ نے اسے شائع کر کے بڑی علمی خدمت انجام دی ہے۔
موجودہ اشاعت میں شاہ صاحب کے حالات، اس موضوع کی اصطلاحات اور تعلیقات
وغیرہ سب چیزیں شامل ہیں اور یہ سارا کام عربی زبان میں کیا گیا ہے، کیوں کہ اصل کتاب
عربی میں ہے۔ اس پر ہم مکتبہ سعیدیہ کو مبارک باد پیش کرتے ہیں اور اپنے معزز قائین
سے اس کے مطالعہ کی توقع رکھتے ہیں۔

م ۔ ل ۔ ب